# سپلائر کا ضابطہ اخلاق

فروٹ آف دی لوم اور ہماری ملحقہ کمپنیوں ("FOTL") میں، ہم کاروباری اخلاقیات اور انسانی حقوق اور ماحول کے احترام کے اعلی ترین درجوں کے مطابق کاروبار کرنے کے لیے پر عزم ہیں۔ ہمیں اپنی مصنوعات کو سپلائی کرنے والے تمام اداروں سے یکساں عمل درآمد کے عزم کی ضرورت ہے، بشمول، لیکن ان تک محدود نہیں، ٹھیکیداران، لائسنس یافتہ گان اور دیگر نامزد شدہ کاروباری شراکت داران (جنہیں مجموعی طور پر "سپلائرز" کہا جاتا ہے)۔ سپلائر کا یہ ضابطہ اخلاق ان معیارات کی عکاسی کرتا ہے جن کی مدد سے ہم اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ ہمارے سپلائرز کی جانب سے ہمارے عزم کی تکمیل ہونی چاہیے اور انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن کے بنیادی کنونشنز اور فیئر لیبر ایسوسی ایشن ورک پلیس کوڈ آف کنڈکٹ کے اصولوں سے رہنمائی حاصل کی جانی چاہیے۔

## لوگوں پر مرکوز

**ملازمت کا تعلق: سپلائرز ملازمت کے ان قوانین اور شرائط اپنائیں گے اور ان کی پابندی کریں گے، جو کارکنوں کا احترام کرتے ہیں اور کم از کم مزدوری اور سوشل سیکورٹی کے قومی اور بین الاقوامی قوانین و قواعد کے تحت ان کے حقوق کی حفاظت کریں گے۔**

**صحت و حفاظت: سپلائرز کام کی ایک محفوظ اور صحت بخش ترتیب فراہم کریں گے، تاکہ سپلائرز کے کام کی وجہ سے حادثات اور چوٹوں سے بچا جا سکے۔ سپلائیر کی پوری سہولت گاہ میں حالات، بشمول سپلائیر کی ملکیت میں موجود یا زیر کار سونے کی مشترکہ جگہوں کو محفوظ، صاف ہونا چاہیے اور تمام قابل اطلاق قوانین کے حفاظت و صحت سے متعلق تقاضوں پر پورا اترنا یا ان سے زیادہ ہونا چاہیے۔ کارکنان کو اپنے کام حفاظت سے کرنے کے لیے تربیت یافتہ اور آراستہ ہوں۔**

**بچوں سے مزدوری: سپلائیرز اسکول کی مقامی لازمی تعلیم کی خلاف ورزی کرنے والے یا ملازمت کی قابل قبول قانونی عمر سے کم افراد کو ملازمت پر نہیں رکھیں گے۔ سپلائرز کسی بھی صورت میں 15 سال کی عمر سے کم ملازمین کو نہیں رکھیں گے، ماسوائے وہ کم عمر ایکٹرز یا ماڈلز جو اشتہاروں یا میڈیا کے لیے استعمال ہوتے ہیں اور اس کے بعد بھی قابل اطلاق بچوں سے مزدوری کے قوانین کی پابندی کریں گے۔**

**جبری مشقت: سپلائر جبری مشقت استعمال نہیں کریں گے، بشمول، مگر اس تک محدود نہیں، قید میں مزدوری، معائدے کے ختم ہونے کے بعد یا غلام بنا کر مزدوری یا زبردستی مزدوری۔ سپلائرز اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات اٹھائیں گے کہ سہولت گاہوں کو انسانی خرید و فروخت کے لیے استعمال نہیں کیا جائے گا اور اس قسم کے عمل کی روک تھام کے لیے اپنی سپلائی چین کی نگرانی کریں گے۔**

**حراسگی یا تشدد:** سپلائرز کو تمام ملازمین کے ساتھ عزت و وقار کے ساتھ سلوک کرنا ہو گا۔ سپلائرز اس بات کو یقینی بنانے کے لیے عمل درآمد رکھیں گے کہ کوئی بھی کارکن کسی قسم کی جسمانی، جنسی، نفسیاتی یا زبانی ایذا دہی یا زیادتی کا نشانہ نہ بنے۔

**عدم تعصب: سپلائرز ملازمت میں کسی قسم کا تعصب نہیں کریں گے، بشمول جنس، نسل، مذہب، عمر، معذوری، جنسی رجحان، قومیت، انجمن سے تعلق، سیاسی رائے، سماجی گروہ یا نسلی پس منظر کی بنیادوں پر نوکری پر رکھنا، معاوضہ، ترقی، نظم و ضبط، اختتام یا ریٹائرمنٹ۔**

**اوقات کار:** سپلائرز کارکنان سے قابل اطلاق قانون سے مجاز عمومی اور اوور ٹائم گھنٹوں سے زیادہ کام کرنے کا تقاضہ نہیں کریں گے۔ کسی بھی صورت میں ہفتے میں عمومی کام 48 گھنٹوں سے زیادہ نہیں ہو گا اور کارکنان کو ہر سات دن کے عرصے میں کم از کم مسلسل 24 گھنٹے کے آرام کی اجازت ہو گی۔ تمام اوورٹائم کام رضامندی کے ساتھ ہونا چاہیے۔ سپلائرز باقاعدہ بنیادوں پر اوورٹائم کی درخواست نہیں کریں گے اور ایک پریمیم ریٹ پر اوورٹائم کام کا معاوضہ دیں گے۔ غیر معمولی حالات کے علاوہ، ایک ہفتے میں عمومی اور اوورٹائم گھنٹے ملا کر 60 گھنٹوں سے نہیں بڑھیں گے۔

**معاوضہ: ہر کارکن کے پاس ہفتے میں عمومی کام کرنے پر اتنا معاوضہ وصول کرنے کا حق ہے جو کارکن کی بنیادی ضروریات پوری کرنے کے لیے کافی ہو اور اپنی مرضی کے مطابق خرچ کرنے کے لیے بھی کچھ امدنی فراہم کرتا ہو۔ سپلائرز کم سے کم بھی کم ترین تنخواہ یا درست رائج تنخواہ، جو بھی زیادہ ہو، دیں گے، تنخواہوں کے معتلق تمام قانونی تقاضہ جات کی پابندی کریں گے اور قانون کے تقاضے کے مطابق کسی قسم کے بھی فنجگ بینیفٹس فراہم کریں گے۔ جہاں معاوضے سے کارکنوں کی بنیادی ضروریات پوری نہ ہوتی ہوں اور اپنی مرضی سے خرچ کرنے کے لیے آمدنی فراہم نہ کرتی ہو، تو سپلائرز ایسے اقدامات اٹھائے گے، جن سے تدریجی طور پر اس بات کا اندازہ ہو کہ کتنے معاوضے سے یہ ممکن ہو سکتا ہے۔**

**انجمن سازی اور اجتماعی سودے بازی کی آزادی:** سپلائرز کو لازمی طور پر کارکنان کے انجمن سازی اور مشترکہ بات چیت کی آزادی کے حق کو تسلیم اور اس کا احترام کرنا چاہیے۔

## زمین کا احساس

**سپلائرز ان منفی اثرات کو کم کرنے کے لیے ذمہ دارانہ اقدامات اٹھائیں گے، جو ان کے کاموں کی وجہ سے ماحول پر پڑتے ہیں۔ کم از کم بھی، سپلائرز سے تقاضہ کیا جاتا ہے کہ وہ ماحول کے تحفظ کے لیے تمام قابل اطلاق مقامی اور بین الاقوامی قوانین کی پابندی کریں، بشمول نقصان دہ چیزوں کو درست طریقے سے ذخیرہ کرنا اور ضائع کرنا اور کاروبار کو اس طریقے سے چلانے کی کوشش کرنا جس سے توانائی کا استعمال اور ضیاع کم از کم ہو، قدرتی وسائل کا استعمال بہترین طور پر ہو اور ری سائیکلنگ زیادہ سے زیادہ ہو۔**

## قابل اعتبار مصنوعات

**قوانین کی پابندی: اس ضابطہ اخلاق کے تقاضوں کو پورا کرنے کے علاوہ، سپلائرز اپنے کاموں پر قابل اطلاق دیگر تمام قوانین، قواعد اور معاہدوں کی پابندی کریں گے۔**

**کاروباری اخلاقیات: سپلائرز کی جانب سے کسی بھی شکل میں، بدعنوانی، بھتہ خوری، غبن یا مصنوعات یا ہمارے دیگر مادی ذرائع کے بارے میں غلط بیانی کرنا سختی سے ممنوع ہے۔** اس ممانعت میں کسی غیر مناسب یا غلط فائدے کے بدلے رشوت کی پیشکش کرنا یا قبول کرنا اور درخواست کرنے پر خام مال کے ذرائع کو ظاہر کرنے میں ناکامی شامل ہے، لیکن یہ ان تک ہی محدود نہیں ہے۔ **اس ممانعت کی خلاف ورزی FOTL کی جانب سے سپلائر کو فوری طور پر نکالنے اور قانونی کارروائی کیے جانبے کا سبب بن سکتی ہے۔**

**سب کنٹریکٹرز:** سپلائرز FOTL کی مصنوعات یا اجزاء بنانے کے لیے FOTL کی پیشگی تحریری منظوری کے بغیر سب کنٹریکٹرز کو استعمال نہیں کر سکتے اور اس کے لیے سب کنٹریکٹر کی جانب سے اس ضابطہ اخلاق کی پابندی کرنے پر تحریری طور پر اتفاق کرنا چاہیے۔

کسٹمز کی پابندی: سپلائرز کسٹمز کے تمام قابل اطلاق قوانین کی پابندی کریں گے اور مصنوعات کی غیر قانونی نقل باربرداری سے بچاؤ کے لیے پروگرامز قائم کریں گے اور برقرار رکھیں گے۔

سیکورٹی: سپلائرز FOTL کی جہاز پر لائی جانے والی مصنوعات میں کسی قسم کی چھپی ہوئی کارگو (مثلا منشیات یا دیگر ممنوع اشیاء) شامل کیے جانے سے بچنے کے لیے سیکورٹی عمل درآمد برقرار رکھے گی، بشمول، مگر ان تک محدود نہیں، ریاست ہائے متحدہ امریکہ میں سامان لائے جانے کے لیے کسٹمز ٹریڈ پارٹنرشپ اگینسٹ ٹیرارزم (C-TPAT) تقاضہ جات۔

## تکمیل اور نفاذ

پوسٹنگ کی شرائط: سپلائرز اس ضابطہ اخلاق کو ایک نمایاں مقام پر پوسٹ کریں گے جہاں یہ غیر ملکی تارکین وطن کارکنوں سمیت تمام ملازمین کی سمجھ میں آنے والی زبانوں میں تمام ملازمین اور وزیٹرز کے لیے قابل رسائی ہو۔ سپلائرز سالانہ طور پر اس ضابطہ اخلاق کے عناصر کے متعلق تمام کارکنان سے رابطہ کریں گے اور تربیت فراہم کریں گے۔

ریکارڈ رکھنا: سپلائرز پابندی کیے جانے کی تصدیق کو ممکن بنانے کے لیے اس ضابطہ اخلاق کے ہر ایک عنصر کے متعلق مکمل اور درست ریکارڈز برقرار رکھیں گے۔

سپلائر کے لیے رہنماء ہدایات؛ لائسنسی سوشل کمپلائنس مینوئل: جہاں قابل اطلاق ہو، سپلائرز کو سپلائرز کے لیے رہنماء ہدایات اور/یا لائسنسی سوشل کمپلائنس مینوئل کی پابندی کرنی ہو گی، جو FOTL کی کاروباری ویب سائٹ www.fotlinc.com پر پائے جا سکتے ہیں۔

جائزہ اور تصحیحی عملدرآمد: FOTL اس ضابطہ اخلاق کی پابندی کو یقینی بنانے کے لیے کام کی جگہ پر اور/یا ورچوئل جائزے کروانے کے لیے اندرونی کے علاوہ خودمختار آڈیٹرز کا استعمال بھی کرتی ہے۔ سپلائرز اس قسم کے جائزوں کے ساتھ مکمل تعاون کریں گے اور نظر ثانی کے لیے پابندی کے متعلق مکمل ریکارڈ دستیاب رکھیں گے۔ سپلائرز ایک معقول انداز میں غیر پابند جگہوں کے حل کے لیے FOTL کے ساتھ مل کر اصلاحی عمل کے منصوبے تیار کریں گے۔

خلاف ورزیوں کی اطلاع: اس ضابطہ اخلاق کی مشتبہ خلاف ورزیوں کے بارے میں FOTL کے کارپوریٹ سوشل ریسپانسیبلٹی ڈیپارٹمنٹ کو بذریعہ فون +1-270-935-2588 پر، بذریعہ ای میل code@fotlinc.com پر یا دائیں جانب موجود کوڈ کو کسی موبائل ڈیوائس کے ذریعے اسکین کر کے اطلاع دیں۔ براہ کرم ملوث فریقین اور مبینہ خلاف ورزیوں کے بارے میں تفصیلی معلومات فراہم کریں، مسئلہ کو براہ راست حل کرنے کے لیے اٹھائے گئے اقدامات اور تشویش کے بارے میں آپ کے ساتھ رازداری سے بات کرنے کے لیے ہمیں رابطہ معلومات فراہم کریں۔ ہم سختی کے ساتھ کسی ایسے شخص کے خلاف انتقامی کاروائی سے منع کرتے ہیں، جو اس ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزیوں کی اطلاع دے یا اس ضابطہ اخلاق کی ممکنہ خلاف ورزیوں کی تفتیش میں کسی بھی طریقے سے معاونت یا شمولیت کرے۔ اوپر بیان کیے گئے طریقے کے مطابق کسی قسم کی بھی انتقامی کاروائی کی FOTL کو اطلاع دی جانی چاہیے۔

نظرثانی: فروری 2022

FRUIT OF THE LOOM · Bestform · B.V.D. · SPALDING TRUE TO THE GAME. · RUSSELL ATHLETIC · VANITY FAIR · JERZEES